
# رکن اسمبلی
# ولیم کولٹن

## ہمارے اور ہماری کمیونٹی کے لئے تحریک چلاتے ہوئے


*بہار 2019*



## رکن اسمبلی کولٹن ہمارے ماحول کے لئے تحریک چلا رہے ہیں تا کہ ہماری ہوا اور پانی کو صاف رکھا جا سکے

رکن اسمبلی کولٹن نے ہمارے تمام ہمسایہ خاندانوں اور تمام نیو یارکرز کے لئے تحریک چلائی ہے۔ ہمارا ماحول ایک مرکزی مسئلہ ہے۔

ہوا اور پانی کو صاف رکھتے ہوئے ماحول میں سدھار لانا ہی وہ سبب ہے جس کے باعث رکن اسمبلی کولٹن نے 1991 میں جنوب مغربی بروکلن بھٹی بند کروانے کی تحریک کی رہنمائی کی تھی۔ اسی وجہ سے وہ جنوب مغربی بروکلن ٹرانسفر اسٹیشن کے خلاف تحریک جاری رکھے ہوئے ہیں، جسے میئر دی بلیسیو ہمارے محلے میں زبردستی لانا چاہ رہے ہیں۔




## ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات کے انسداد کے لئے تحریک

رکن اسمبلی کولٹن ماحولیاتی تبدیلی کے خطرنات اثرات، جیسا کہ شدید موسمی حالات، ابھر آتے پانی اور سیلاب کے لئے خطرے کی گھنٹیاں بجاتے رہے ہیں۔ رکن اسمبلی کولٹن نے قانون متعارف کروایا جو نئی تیار کی جانے والی کئی ماحولیاتی نوکریوں کے لئے ملازمین کو دوبارہ تربیت دینے کا ڈھانچہ تیار کرتے ہوئے 2030 تک 100 فیصد قابل تجدید توانائی حاصل کرنے کے ماحولیاتی تبدیلی کے مسائل پر جارحانہ طور پر کام کرتا ہے۔ یہ قانون ایک سادہ اور فعال طریقے سے نیو یارک کو 100 فیصد صاف توانائی میں تبدیل کرنے کے لئے بنایا گیا ہے جو ٹیکس کریڈٹس، ترغیبات اور منصوبہ بندی کے ساتھ انفراسٹرکچرز تعمیر کرتے ہوئے ملازمتوں اور قیمتوں پر لاگو ہونے والے منفی اثرات کو گھٹائے گا، تاکہ سب کے معیار زندگی کے تحفظ کے لئے مضبوط اقدامات لیے جائیں۔

## ہمارے اسکولوں کے لئے منصفانہ فنڈنگ کا مطالبہ

رکن اسمبلی کولٹن ہمیشہ سے اسکولوں کے لئے مزید فنڈز کے حصول کی رہنما آواز رہے ہیں۔ انہوں نے غیر منصفانہ اسکول فارمولا کے خلاف بات کی جس میں زیادہ ضروریات کے حامل اسکولوں کے فنڈز روک لیے جاتے تھے، جیسا کہ NYC کچھ 30 بلین ڈالر۔ بالآخر اپیلوں کی کورٹ نے اصول بنایا کہ NYC نے ان کے باعث مالیاتی امداد وصول نہیں کی۔

ابھی بھی فاؤنڈیشن امداد میں 4 بلین ڈالر ادا نہیں کیے گئے اور رکن اسمبلی کولٹن نے کھڑے ہو کر اس کے خلاف بات کی اور اس سال ریاست کے تعلیمی بجٹ کے خلاف ووٹ دیا کیوں کہ اگرچہ اس نے تعلیم کے لئے مالیاتی امداد میں اضافہ کیا، یہ ہمارے اسکولوں کو ادا نہ کی گئی فاؤنڈیشن امداد مناسب طور سے ادا کرنے سے قاصر رہا۔

رکن اسمبلی کولٹن اس مالیاتی امداد کو دوبارہ بحال کرنے کے لئے اگزیکٹو بجٹ سے مطالبات جاری رکھنے کا تہیہ کیے ہوئے ہیں، جو ہمارے بچوں کا حق ہے۔



*رکن اسمبلی کولٹن کو I.S. 303 کے طلباء کے ساتھ دکھایا گیا ہے جو البانی میں ان سے ملے۔ رکن اسمبلی کولٹن اس اسکول کے لئے دو سو پچاس ہزار ڈالر کی امداد وصول کرنے کے قابل رہے۔*

رکن اسمبلی ولیم کولٹن
155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223-1026 • 718-236-1598
Room 733 LOB, Albany, NY 12248 • 518-455-5828
coltonw@nyassembly.gov




## رکن اسمبلی کولٹن SHSAT کو قائم رکھنے کی تحریک چلا رہے ہیں جو کئی برسوں تک کارآمد ثابت ہوا ہے

کئی برسوں تک رکن اسمبلی کولٹن نے کمیونٹی رہنماؤں چارلس رگوسا، نینسی ٹونگ اور نینو مگالی کے ساتھ مل کر خصوصی ہائی اسکولز میں داخلے کے لئے خصوصی ہائی اسکول ایڈمیشن ٹیسٹ (SHSAT) کے معیار کو ختم کرنے کے شہر کے منصوبے کے خلاف تحریک چلائی ہے۔ انہوں نے بل A.4818 متعارف کروایا جس کے تحت نیو یارک شہر کے شعبہ تعلیم سے مطلوب ہے کہ وہ ایلیمنٹری کنڈرگارٹن سے لے کر پانچویں گریڈ اور انٹرمیڈیٹ چھٹے گریڈ سے آٹھویں گریڈ تک تمام اسکول ڈسٹرکٹس میں مزید گفٹڈ اور ٹیلنٹڈ پروگرامز اور کلاسز ترتیب دے۔ یہ ایک منصفانہ معیار ہے کہ طلباء کو تعلیمی میرٹ پر داخل کیا جائے، نہ کہ انفرادی معیارات پر۔

اگرچہ نیو یارک شہر کے اسکولز ملک بھر کے ذہین ترین بچوں سے بھرے ہیں، بدقسمتی سے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ان کے اسکولوں میں انہیں چیلنج کرنے والے اور اس کی شعوری مہارت کو نکھارنے والے مناسب پروگرامز موجود نہیں ہوتے۔ ہمارے لئے اہم ہے کہ ہر اسکول ڈسٹرکٹ میں گفٹڈ اور ٹیلنٹڈ کلاسز لے کر آئیں اور خصوصی اسکولوں کی تعداد بڑھائیں تا کہ مزید مناسب طور سے لائق بچے تیار کیے جائیں جو ہمارے خصوصی ہائی اسکولز میں داخلے کے اہل ہوں۔

## رکن اسمبلی کولٹن کا دفتر میٹرو کارڈ خدمات کے لئے کم کرایہ کی پیش کش کرتا ہے

155 Kings Highway (West 12th اور West 13th اسٹریٹس کے درمیان) پر واقع رکن اسمبلی کولٹن کے کمیونٹی دفتر میں ہر ماہ اہل قرار دیے جانے والے افراد MTA میٹرو کارڈ موبائل سیلز اسٹاف سے مدد وصول کریں گے۔

### بزرگ افراد +65

65 سالہ یا اس سے بڑے بزرگ افراد MTA کے کم کرایے والے میٹرو کارڈ کے لئے اپلائی کر سکتے ہیں اور اسی دن عارضی کارڈ وصول کر سکتے ہیں۔ عمر کا مناسب ثبوت، جیسا کہ ڈرائیونگ لائسنس مطلوب ہو گا۔

### معذور بزرگ افراد

اہل بنانے والی معذوریوں کے حامل افراد، جو طبی امداد کا کارڈ اور جائز فوٹو آئی ڈی، جیسا کہ ڈرائیونگ لائسنس رکھتے ہوں، کم کرایے والے میٹرو کارڈ کے لئے اپلائی کر سکتے ہیں اور اسی دن ایک عارضی کارڈ وصول کر سکتے ہیں۔

### معذور افراد

اہل بنانے والی معذوریوں کے حامل افراد جو طبی امداد کا کارڈ نہ رکھتے ہوں، وہ بھی اپلائی کر سکتے ہیں۔ عارضی کارڈ جاری نہیں کیا جائے گا اور درخواست گزار کو پہلے اہلیت کا معیار پورا کرنا ہو گا۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ درخواست کے عمل میں 8 ہفتوں تک کا وقت لگ سکتا ہے۔


### آئندہ تاریخیں اور اوقات

**جمعہ، 28 جون، 2019**
**صبح 10 تا دوپہر 12 بجے**
**جمعہ، 26 جولائی، 2019**
**صبح 10 تا دوپہر 12 بجے**
**جمعہ، 30 اگست، 2019**
**صبح 10 تا دوپہر 12 بجے**
**جمعہ، 27 ستمبر، 2019**
**صبح 10 تا دوپہر 12 بجے**
**جمعہ، 25 اکتوبر، 2019**
**صبح 10 تا دوپہر 12 بجے**
**جمعہ، 22 نومبر، 2019**
**صبح 10 تا دوپہر 12 بجے**
**جمعہ، 20 دسمبر، 2019**
**صبح 10 تا دوپہر 12 بجے**

# کولٹن ہمارے کے لئے تحریک چلا رہے ہیں

## رکن اسمبلی کولٹن نے فنڈز بنانے کے لئے قانون متعارف کروایا



نیو یارک ریاست میں پولیس فورس میں کام کرنا نہ صرف لوگوں بلکہ K-9 پولیس کے کتوں کے لئے بھی خطرناک ہے۔ بسا اوقات کوئی فرار ہوتا مشتبہ شخص K-9 پولیس کے کتوں پر گولی یا چاقو کا وار کر دیتا ہے اور ان میں سے اکثر ڈیوٹی کے دوران مر جاتے ہیں۔ K-9 پولیس کے کتوں کے لئے بیلسٹک حفاظتی ویسٹس کی فراہمی نہ صرف درست ہے بلکہ مالیاتی طور پر قابل عمل بھی ہے۔ غیر تربیت یافتہ (سبز) پولیس کے کینائن کتوں کی مالیت 30,000 تا 35,000 ڈالر ہوتی ہے۔ تربیت دینے کے بعد کینائن کتوں کی قیمت 70,000 ڈالر یا اس سے زائد تک پہنچ جاتی ہے۔ جب کوئی K-9 پولیس کا کتا ڈیوٹی کے دوران مر جائے تو نیو یارک ریاست کے پولیس آفیسرز ایک دوست، ایک تربیت یافتہ اسپیشلسٹ اور رقم کھو دیتے ہیں۔ اس بل کا مقصد K-9 پولیس کے کتوں کی زندگیوں اور بہبود کی حفاظت اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ نیو یارک ریاست کے پولیس کے شعبے کا K-9 کتوں کی تربیت پر خرچ ہونے والا بجٹ فعال اور بااثر طریقے سے استعمال ہو۔

## رکن اسمبلی کولٹن ممتاز محلے کو اعزاز سے نوازتے ہیں




24 مارچ کو رکن اسمبلی کولٹن نے ویمنز ہسٹری منتھ منانے کے لئے چھٹے سالانہ ممتاز خواتین کے ایوارڈز کی تقریب کی میزبانی کی۔ اس تقریب میں 150 سے زائد کمیونٹی ارکان کی بڑی تعداد نے شرکت کی جن میں 47 اعزازی شخصیات، ان کے دوست اور خاندان، مقامی میڈیا اور پیسوبی جیورجیل کلچرل سنٹر سے جوان رقاص بھی شامل تھے جنھوں نے مہمانوں کو شاندار لائیو پرفارمنس سے حیران کیا۔

صلاحیتوں کا اعتراف وصول کرنے والے افراد نے کاروبار، تعلیم، صحت، حکومت، رضاکاری، خدمت خلق کے کام، کمیونٹی اور شہری معاملات میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اس پروگرام نے محلے کی خواتین کی صلاحیتوں کا اعتراف کیا جو ہماری کمیونٹی کے لئے روزانہ گراں قدر خدمات انجام دیتی ہیں مگر انہیں شاذ و نادر ہی تسلیم کیا جاتا ہے۔ ان میں سے کئی خواتین اپنے خاندان کو تقریب میں ساتھ لے کر آئیں تا کہ وہ ان کی صلاحیتوں کا اعتراف ہوتا اور تحسین کی ایک چھوٹی سی یادگار کے طور پر ایک پھول وصول کرتا دیکھ سکیں۔

## ٹریفک کی حفاظت پر ایکشن کا مطالبہ کرنا

رکن اسمبلی کولٹن کئی برسوں سے ٹریفک کی حفاظتی کے مسائل پر آواز اٹھاتے آ رہے ہیں۔

ایوینیو ٹی (Avenue T) میں دو اموات کے بعد رکن اسمبلی کولٹن اور کونسل رکن مارک ٹریگر ذاتی طور پر DOT کمشنر کو ایوینیو ٹی کے مشاہدے کے لئے لے گئے، جس کے نتیجے میں اسٹریٹ کو دوبارہ ڈیزائن کیا گیا محفوظ رفتار لاگو کرنے کے اقدامات کیے گئے۔ انہوں کے کئی ذیلی اسٹریٹس میں رہائشیوں کی درخواستوں تر کامیابی سے اسپیڈ بریکرز کے لئے تحریک چلائی۔

اب وہ شہر پر زور دے رہے ہیں کہ ایوینیو ایس (Avenue S) اور ویسٹ 7 اسٹریٹ کے تمام راستے میں رکنے کی بے اثر علامت کے بجائے ٹریفک لائٹ لگائی جائے۔

بینسن ایوینیو (Benson Avenue) اور بے 25 اسٹریٹ (Bay 25 Street) میں ایک ہولناک حادثے میں ایک تین سالہ بچے کی موت کے بعد رکن اسمبلی کولٹن نے 2013 سے اپنے اور کونسل رکن مارک ٹریگر کی جانب سے کیے جانے والے انتباہات نظر انداز کرنے پر رکن اسمبلی کولٹن نے NYC DOT کی سرزنش کی۔ رکن اسمبلی کولٹن پورے بینسن ایوینیو کے دوبارہ معائنے اور بینسن ایوینیو اور بے 25 اسٹریٹ پر اسٹریٹ لائٹ اور اسپیڈ بریکرز کی تنصیب کا مطالبہ کیا۔

NYC نے فوری رد عمل دیا اور کارنر میں ڈیزائن کی تبدیلیوں کی تنصیب کی۔ مگر رکن اسمبلی کولٹن اب بھی مطالبہ کر رہے ہیں کہ ٹریفک لائٹ کی ضرورت ہے۔




ایلیٹ اکیڈمی ہائی اسکول میں رکن اسمبلی کولٹن پولیس افسران کے ہمراہ، جہاں افسران نے ڈرگز کے استعمال کے خطرات سے متعلق ایک آگاہی پروگرام پیش کیا تھا۔




رکن اسمبلی کولٹن اپنے سالانہ ویٹیرنز ڈے ایونٹ پر جہاں انہوں نے ہمارے ہیروز کی تسلیم کیا اور انہیں ایک سرٹیفیکیٹ اور پرچم کا بیج پیش کیا۔





رکن اسمبلی کولٹن ضلعی رہنماؤں نینسی ٹونگ اور چارلس رگوسا کے ساتھ جنہوں نے محلے کا ایک اور-

Community Office, 155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223

رکن اسمبلی

# ولیم کولٹن



**ہمارے اور ہماری کمیونٹی کے لئے تحریک چلاتے ہوئے**

بہار 2019

## کولٹن کا کمیونٹی دفتر آپ کی خدمت میں حاضر ہے

**155 Kings Highway (ویسٹ 12 اور ویسٹ 13 اسٹریٹس کے درمیان)**

**Email: coltonw@nyassembly.gov • 718-236-1598**

| | |
|---|---|
| پیر تا بدھ | صبح 10 تا شام 4 بجے |
| جمعرات | دوپہر 12 تا رات 8 بجے |
| جمعہ | صبح 10 تا دوپہر 12 بجے |

ہم درج ذیل میں آپ کی مدد کریں گے: چھوٹے موٹے کاروباری معاملات + رہائشی معاملات + اسٹار/ای اسٹار+ SCRIE/DRIE + HEAP + ہارٹ شیئر+فوڈ اسٹیمپس+ صحت کی انشورنس + ریاست/شہر کے مسائل + معیار زندگی کے مسائل، ٹریفک کے تحفظ کے اقدامات کروانا، جیسا کہ ٹریفک لائٹس، اسپیڈ بریکرز، گڑھوں اور خطرناک چیزوں کی مرمت کروانا اور اس کے علاوہ بہت کچھ